17 جولائی، 2012

اسٹیٹ بینک نے رمضان المبارک کے لئے بینکاری اور دفتری اوقات کار کا اعلان کردیا

اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے ماہ رمضان المبارک کے لئے کاروباری (بینکاری) اور دفتری اوقات کار کا اعلان کردیا ہے۔

تمام بینکوں، ترقیاتی مالیاتی اداروں، مائیکرو فائنانس بینکوں اور ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن (SBP BSC) کے فیلڈ دفاتر میں ماہ رمضان المبارک کے دوران کاروباری (بینکاری) اوقات کار پیر سے جمعرات تک بغیر کسی وقفے کے صبح 8.30 سے دوپہر 2.00 تک ہوں گے۔ جمعہ کے روز ان کے کاروباری (بینکاری) اوقات کار بغیر کسی وقفے کے صبح 8.30 سے دوپہر 12.30 تک ہوں گے۔

تاہم، اسٹیٹ بینک آف پاکستان، ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن (SBP BSC)، بینکوں، ترقیاتی مالیاتی اداروں اور مائیکرو فائنانس بینکوں میں ماہ رمضان المبارک کے دوران دفتری اوقات کار پیر سے جمعرات تک صبح 8.30 سے دوپہر 3.00 تک ہوں گے (دوپہر 1.30 سے 1.45 تک 15 منٹ کا نماز کا وقفہ ہوگا)۔ جمعہ کے روز ان کے دفتری اوقات کار بغیر کسی وقفے کے صبح 8.30 سے دوپہر 1.30 تک ہوں گے۔

☆☆☆